NYC
Department of Education

# پوچھیں اور اشتراک کریں
# (آسک اینڈ شیئر)

## طالب علم پر مرتکز IEP تیار کرنے کے لیے خاندانوں اور اسکولوں کے لیے ایک آلہ کار



## ہائی اسکول



# انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)

IEP کا مقصد معذوری کے حامل طلبا کی ان کے اہداف کی جانب پیش رفت کرنے اور ان کے حصول میں معاونت کرنا ہے۔ ایک اعلی معیار کے IEP کو تیار کرنے میں آپ ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کو بہترین طور پر جانتے ہیں اور اس کے ساتھ اس بارے میں ایک مخصوص انداز میں بات کر سکتے ہیں کہ وہ مختلف ماحول میں کیسا طرزِ عمل اختیار کرتا ہے۔ اس لیے، آپ کے بچے کے IEP کی تیاری، اس کا جائزہ لینے اور اس میں تجدید کرنے میں آپ کی شرکت اہم ہے۔

آپ کے بچے کی خوبیوں، دلچسپیوں، ضروریات اور اہداف کی عکاسی کرنے والے IEP کو تیار کرنے سے اسکول، گھر پر، برادری میں اور اس کے باہر ان کے کامیاب ہونے کے امکانات بہتر ہو جائیں گے۔ یہ آلہ کار آپ کے بچے کے IEP اجلاس میں اور سال بھر پوچھنے کے لیے اہم سوالات اور بانٹنے کے لیے معلومات فراہم کرتا ہے۔

## IEP اجلاس کے لیے تیاری کرنا

اپنے بچے کے IEP اجلاس کی تیاری میں، مندرجہ ذیل کرنا یقینی بنائیں:

- IEP اجلاس کے دعوت نامے / اطلاع نامے (نوٹس) کا جائزہ لیں اور اپنی شرکت کی تصدیق کریں یا اجلاس کی ایک مختلف تاریخ / وقت کی درخواست کریں۔ دعوت نامے پر اپنے بچے کے ساتھ بات کریں، تاکہ وہ اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے تیار ہو۔
- آپ اپنے بچے کے IEP اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے فیملی اینڈ میڈیکل لیو ایکٹ (اہل خانہ اور طبی چھٹی کا قانون) (FMLA) کے تحت "وقفہ جاتی چھٹی" کو استعمال کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ اپنے آجر سے پوچھیں کہ آپ کو منظوری حاصل کرنے کے لیے کن دستاویزات کی ضرورت ہو گی۔ اگر محکمئہ تعلیم کے ٹیم کے ممبر کے لیے ایک حصے کو مکمل کرنا لازمی ہے تو اس صورت میں دستاویزات کو اجلاس میں لائیں۔
- IEP اجلاس کے اطلاع نامے کے ساتھ، آپ کو IEP اجلاس میں زیر غور لائے جانے والی کسی بھی تشخیصات اور / یا پیش رفت رپورٹیں موصول ہونی چاہییں۔ اگر آپ کو یہ موصول نہیں ہوئی ہیں تو IEP اجلاس کے اطلاع نامے میں درج رابطہ فرد سے رابطہ کریں۔
- IEP ٹیم آپ سے پیشہ ورانہ تشخیص سطح 1 کے والدین کا انٹرویو کے حصے کو مکمل کرنے کے لیے کہے گی۔ جب آپ IEP اجلاس کا اطلاع نامہ موصول کریں تو پیشہ ورانہ تشخیص کی گزارش کریں۔
- اگر آپ کو لسانی مدد (جیسے کہ ایک ترجمان) کی ضرورت ہے تو اپنی IEP ٹیم کو IEP اجلاس کے کم سے کم تین کاروباری دن قبل مطلع کریں۔ آپ کو IEP کی حتمی نقل (کاپی) کو اپنی ترجیحی زبان میں موصول کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے IEP یا تشخیصات کی ترجمہ شدہ اشاعت موصول کرنا چاہتے ہیں تو اپنے ضلع کے نمائندہ کو مطلع کریں۔
- IEP اجلاس میں آپ ایک والدین ممبر کی شرکت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ایک والدین ممبر نیو یارک شہر میں رہنے والے ایک ایسے طالب علم کا والدین ہوتا ہے جو گزشتہ پانچ سالوں میں ایک IEP کا حامل تھا۔ والدین ممبر کی شرکت کرنے کی درخواست کرنے کے لیے IEP ٹیم سے کم سے کم 72 گھنٹے قبل از وقت تحریر میں درخواست کریں۔
- آپ اپنے بچے کے IEP اجلاس کے متعلق علم رکھنے والے خاندان کے دیگر ارکان یا دیگر افراد کو بھی دعوت دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اضافی افراد کو مدعو کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں تو آپ کے لیےIEP ٹیم کو قبل از وقت مطلع کرنا چاہیئے۔
- اگر آپ کے پاس (نجی تشخیص جیسی) اضافی معلومات ہیں یا اگر آپ چاہتے ہیں کہ IEP ٹیم کسی بھی مخصوص تبدیلیوں کو زیرغور لائے تو IEP ٹیم کو قبل از وقت مطلع کریں۔

خاص تعلیم پروگراموں، معاونتوں اور خدمات اور نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں IEP طریقِ کار کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم **اسکول کی عمر کے بچوں کی خاص تعلیم کے اہل خانہ کے لیے رہنما کتابچہ** ملاحظہ کریں جو نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کی ویب سائٹ پر پایا جا سکتا ہے: http://schools.nyc.gov/SpecialEducation.

# فہرستِ مشمولات

(IEP کے جزیات کے جیسی ہی ترتیب)


اس وسیلے کو کیسے استعمال کریں ... 1
منتقلی کی منصوبہ بندی ... 2
لائحہ عمل، حاضری کا صفحہ اور تعارف ... 3
سرورق ... 4
کارکردگی کی موجودہ سطوح (PLOP) اور انفرادی ضروریات ... 5
طالب علم کی ضروریات کے متعلقہ خاص عناصر ... 13
ثانوی کے بعد قابل پیمائش اہداف ... 14
کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات ... 15
والدین کو پیش رفت سے مطلع کرنا ... 16
تجویز کردہ خاص تعلیمی پروگرامز اور خدمات ... 17
امتحان کی سہولیات ... 19
منتقلی کی سرگرمیوں کا مربوط کردہ مجموعہ ... 20
ریاست اور ضلع پیما تشخیصات میں شرکت کریں ... 21
بغیر معذوری والے طلبا کے ساتھ شرکت ... 22
خاص ذرائع نقل و حمل ... 23
تقرری کی تجویز ... 24
خلاصہ ... 25

# اس وسیلے کو کیسے استعمال کریں

IEP اجلاس سے قبل، دوران اور بعد میں

اس وسیلے کو آپ کے بچے کے **اجلاس کی تیاری اور شرکت کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔**

## IEP **اجلاس سے قبل**

- **"کیا پوچھیں"** کے حصے میں سوالات کو پڑھیں۔ جو سوالات پوچھنے کا آپ ارادہ رکھتے ہیں ان پر نشان لگائیں اور IEP کے مختلف حصوں کے بارے میں اپنے دیگر سوالات کو لکھ لیں۔ کیا پوچھیں کے حصے کی تمام تجاویز کا اطلاق آپ پر یا آپ کے بچے پر نہیں ہو گا۔
- **"کن باتوں کا اشتراک کریں"** کے حصوں کا جائزہ لیں۔ اپنے بچے کے بارے میں کسی بھی معلومات کا اشتراک کرنے کی تیاری کریں۔ کن باتوں کا اشتراک کریں والے حصے کی تمام تجاویز کا اطلاق آپ کے بچے پر نہیں ہو گا۔ اس کے علاوہ، آپ اضافی معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔
- اپنے بچے کو کسی بھی ایسے سوالات کا انتخاب کرنے میں مدد کریں جن کو وہ پوچھنا چاہتے ہوں اور انکو ان معلومات کے بارے میں سوچنے دیں جن کا اشتراک یہ IEP ٹیم کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں۔
- اگر آپ کو لسانی مدد (جیسے کہ ایک ترجمان) کی ضرورت ہے تو اپنی IEP ٹیم کو IEP اجلاس کے کم سے کم تین کاروباری دن قبل مطلع کریں۔ آپ کو IEP کی حتمی نقل (کاپی) کو اپنی ترجیحی زبان میں موصول کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ اگر آپ ایک ترجمہ شدہ اشاعت موصول کرنا چاہتے ہیں تو اپنے ضلع کے نمائندہ کو مطلع کریں۔

## اجلاس کے دوران

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس آپ کے بچے کی تازہ ترین IEP کی ایک کاپی ہے اور اپنے بچے کی IEP ٹیم سے اس کو حصہ بہ حصہ دیکھنے کے لیے کہیں۔
- EP اجلاس میں کی گئی گفتگو کو نوٹ کریں۔
- **"کیا پوچھیں"** کے حصے میں کسی بھی ایسے سوالات کو پوچھیں جن کا اطلاق آپ کے بچے پر ہوتا ہے **"کن باتوں کا اشتراک کریں"** کے حصوں میں کسی بھی ایسی معلومات کا اشتراک کریں جن کا اطلاق آپ کے بچے پر ہوتا ہے۔
- اپنے بچے کی سوالات پوچھنے اور معلومات کا اشتراک کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اجلاس کے اختتام پر، IEP ٹیم کے لیے آپ کو IEP خاکے کے تجویز کردہ خاص تعلیمی پروگراموں اور خدمات کے صفحے کی ایک چھپی ہوئی نقل (کاپی) اور اگر ممکن ہو حتمی IEP کی ایک نقل فراہم کرنی چاہیئے۔

## اجلاس کے بعد

- اس وسیلے کو سنبھال کر رکھیں۔ جب آپ کو آپ کے بچے کے **IEP اجلاس کے بعد** IEP کی مکمل کردہ کاپی دے دی جائے تو اپنے نوٹس کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کے اضافی سوالات ہیں، یا کوئی چیز واضح نہیں ہے، یا اگر IEP کے مشمولات، آپ کی یادداشت کے مطابق کی گئی بات چیت سے مختلف ہیں تو IEP ٹیم سے رابطہ کریں۔
- اپنے بچے کے ساتھ IEP اجلاس پر بات چیت کریں۔ یہ جانیں کہ آیا آپ کے بچے کے کوئی اضافی سوالات ہیں یا اس پر کچھ غیر واضح ہے۔ اپنے بچے کی اس کے اساتذہ سے بات چیت کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ یہ ذاتی اہم حمایتی صلاحیتوں کی تعمیر کرنے میں مدد کرتا ہے۔

## جانچ کی فہرست

**" کیا پوچھیں"** اور **"کن باتوں کا اشتراک کریں"** کے وسیلے میں جانچ کی فہرست اس ترتیب میں منظم کی گئی ہے جیسے کہ آپ کے بچے کے IEP کے حصوں میں ہے۔ IEP کے ہر حصے کے لیے، اس بارے میں تجاویز ہیں کہ آپ کے بچے کی IEP ٹیم سے کونسے سوالات پوچھے جائیں اور آپ کے بچے کے بارے میں کن معلومات کا اشتراک کیا جائے۔ IEP اجلاس سے قبل ان سوالات پر نشان لگائیں جن کو پوچھنے کا اور ان معلومات پر نشان لگائیں جن کا اشتراک کرنے کا آپ ارادہ رکھتے ہیں۔

## منتقلی کی منصوبہ بندی

منتقلی کی منصوبہ بندی ایک عمل ہے جس کا استعمال اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کیا جاتا ہے کہ IEP کے حامل تمام طلبا ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لئے تیار ہوں۔ کچھ حصوں میں آپ کے بچے کو ہائی اسکول کے بعد زندگی کے لیے تیار کرنے کی مخصوص رہنمائی شامل ہیں۔ اپنے بچے کو ہائی اسکول کے بعد تیار کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **ذیل پر اہل خانہ رہنمائی برائے منتقلی کی منصوبہ بندی** ملاحظہ کریں **www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/after-high-school**

## نوٹ لکھنے کی جگہ

آپ کے بچے کے IEP اجلاس کے دوران، IEP ٹیم آپ کے لیے آپ کے بچے کے IEP کی وضاحت حصہ بہ حصہ کرے گی۔ یہ IEP ٹیم کی ذمہ داری ہے کہ آپ کو IEP کے ہر حصے کی مطلوبات کے تحت معلومات فراہم کرے گی۔ اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے، یا اگر آپ پر کوئی بات واضح نہیں ہے تو اس موقع پر سوالات پوچھیں۔ آپ اس وسیلے کو کی گئی بات چیت کو قلم بند کرنے کے لیے **IEP اجلاس میں نوٹس لکھنے کے آلہ کار** کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔ اس لیے، ہم نے آپ کے لیے اضافی سوالات اور معلومات کو شامل کرنے کے لیے جگہ فراہم کی ہے۔

# منتقلی کی منصوبہ بندی

آپ کے بچے کا IEP اجلاس منتقلی کی منصوبہ بندی پر بات چیت کرنے کا اہم وقت ہے۔ IEP اجلاس کو سوالات پوچھنے اور آپ کے بچے کو ہائی اسکول کے بعد زندگی کے لیے تیار ہونے میں مدد کرنے والی معلومات کا اشتراک کرنے کے موقع کے طور پر استعمال کریں۔

طلبا کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی کا آغاز 12 سال کی عمر یا اگر مناسب ہو تو اس سے پہلے ہوتا ہے جب ایک **سطح 1 پیشہ ورانہ تشخیص** مطلوب ہو۔ اس وقت، طلبا اور والدین / سرپرست، بمع اسکول، طلبا کی دلچسپیوں، انتخابات، اور طرز معاش کی خواہشات کی نشان دہی کرنے اور اس کی تحقیق کرنے کا آغاز کریں گے۔ جب طالب علم 14 سال کی عمر کا ہو اس وقت آغاز کرتے ہوئے **منتقلی کی خدمات** کو IEP کا حصہ ہونا لازمی ہے۔ آپ کے بچے کے IEP میں **ثانوی کے بعد کے قابل پیمائش اہداف**، منتقلی کی ضروریات اور ان اہداف کے حصول کے لیے درکار **منتقلی کی سرگرمیوں کے ہم آہنگ مجموعے** شامل ہوتے ہیں۔

آپ کے بچے کو منتقلی کی خدمات پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے کسی IEP اجلاس میں ضرور مدعو کیا جانا چاہیے۔ IEP ٹیم کے ایک لازمی رکن کی حیثیت سے، آپ کا بچہ اپنی توانائیوں، ترجیحات اور دلچسپیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے قابل ہو گا۔ منتقلی کی منصوبہ بندی اور خدمات ایک ایسا طریق کار ہے جو آپ کے بچے کے اسکول کے پورے دورانیے کے دوران جاری رہتا ہے، اس کا اختتام، سندیافتگی سے قبل یا جس سال میں ان کی عمر 21 سال کی ہو جائے اس اسکولی سال میں اخراج کے بعد طالب علم کے **اخراج کے ایک خلاصے** کے ساتھ ہوتا ہے۔

منتقلی کی منصوبہ بندی کا طریق کار آپ کے بچے کے اہداف، آرزوؤں اور اہلیتوں سے کارفرما ہوتا ہے۔ منتقلی کی منصوبہ بندی کے طریق کار میں آپ کے بچے کے مکمل طور پر شرکت کرنے کے لیے، ذاتی وکالت اور ذاتی عزم کی مہارتیں پیدا کرنا اہم ہے۔ ذاتی وکالت یہ سیکھنا ہے کہ اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کس طرح آواز اٹھائی جائے۔ یہ مہارت ابتدائی سالوں میں اس وقت شروع ہوتی ہے جب طلبا میں یہ شعور پنپتا ہے کہ وہ کون ہیں (ذاتی آگہی) اور وہ مدد طلب کرنا سیکھتے ہیں۔ جب طالب علم اپنی راہ عمل کے متعلق رائے دیتا ہے تو اس کو ذاتی پرعزمی کہا جاتا ہے۔ ذاتی وکالت اور ذاتی پرعزمی کی صلاحیتیں پیدا کرنا ثانوی کے بعد کامیاب تجربہ کرنے کے لیے کسی نوجوان کی اہلیت میں بہت مثبت تبدیلی لا سکتی ہیں۔ اس وجہ سے ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ IEP اجلاس میں جتنا بھی ممکن ہو سوالات پوچھے اور معلومات کا اشتراک کرے۔

آپ اپنے بچے کی پوچھنے کے لیے سوالات کا انتخاب کرنے میں اور IEP ٹیم کے ساتھ یہ کونسی معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں اس بارے میں سوچنے میں مدد کرنے کے لیے اس رہنمائی کو استعمال کر سکتے ہیں۔ منتقلی کی منصوبہ بندی کے طریق کار کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **اہل خانہ رہنمائی برائے منتقلی کی منصوبہ بندی** ملاحظہ کریں، جو نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر پائی جاسکتی ہے۔ www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/after-high-school.

# لائحہ عمل، حاضری کا صفحہ اور تعارف

IEP ٹیم کو اپنا تعارف کروانا چاہیئے اور IEP اجلاس کے اہداف پر بات چیت کرنی چاہیئے۔ IEP ٹیم میں حاضر تمام افراد کو حاضری کے صفحے پر دستخط کرنا چاہیئے۔ یاد رکھیں کہ آپ کے دستخط IEP ٹیم کے اجلاس میں آپ کی شرکت کی تصدیق ہے۔ یہ ضروری **نہیں** کہ یہ اس بات کی نشان دہی کرے کہ آپ IEP کی تجویز سے متفق ہیں یا ان کی اجازت دیتے ہیں۔

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا ہر ایک فرد اپنا نام بتا سکتا ہے اور یہ میرے بچے کے ساتھ کس طرح کام کریں گے۔
- ☐ اس IEP اجلاس کا ہدف کیا ہے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ اپنے نام اور اپنے بچے کے ساتھ تعلق کا
- ☐ آیا آپ کا بچہ IEP اجلاس کے حصے میں یا پورے IEP اجلاس میں شرکت کرے گا
- ☐ اگر کوئی ایسا فرد ہے (جو کہ پہلے سے ہی موجود نہیں ہے) جس کے لیے آپ چاہتے ہیں کہ وہ اجلاس میں شرکت کریں
- ☐ آپ IEP اجلاس سے کیا سیکھنے کی امید رکھتے ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: IEP اجلاس کی تاریخ، IEP اجلاس کی نوعیت (ابتدائی، سالانہ جائزہ، مکرر تشخیص)، اور کمرے میں موجود ہر فرد کا نام اور ان کی ذمہ داریوں کو نوٹ کریں۔

## تجاویز

- IEP اجلاس کے اختتام پر، ٹیم آپ کو IEP خاکے کے تجویز کردہ خاص تعلیمی پروگراموں اور خدمات کے صفحے کی ایک کاپی (نقل) فراہم کرے گی۔ اگر وہ آپ کو ایک نقل فراہم نہیں کرتے ہیں تو ایک نقل کی گزارش کرنے کو یقینی بنائیں۔ اجلاس کے بعد جلد ہی آپ کو حتمی IEP کی نقل بھیجی جائے گی۔
- یہ یاد رکھنا بھی اہم ہے کہ حتمی دستاویز تیار ہو جانے کے بعد بھی IEP کی کاروائی جاری رہتی ہے۔ آپ اپنے بچے کے IEP کے جائزے یا اپنے بچے کی مکرر تشخیص کی درخواست کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔
- IEP اجلاس کے دوران نوٹس لکھیں اور اپنے نوٹس کا موازنہ حتمی IEP سے کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات یا تشویشات ہیں تو ان کو IEP ٹیم کی زیر توجہ لائیں۔

# سرورق

سرورق پر آپ کے بچے کا نام، تاریخ پیدائش، معذوری کا زمرہ، اور IEP کے سالانہ جائزے کی تاریخ ہو گی۔

## کیا پوچھیں

- ☐ میرے بچے کی معذوری کا زمرہ کیا ہے اور اس کا کیا مطلب ہے؟
- ☐ IEP ٹیم نے اس زمرے کا تعین کس طرح کیا تھا؟
- ☐ کیا ہم اس زمرے کی معاونت کرنے والے دستاویزات کو دیکھ سکتے ہیں؟ **(سیکھنے کی معذوری یا جذباتی خلل کے زمرے والی معذوری کے حامل طلبا کے لیے)**

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- اپنے بچے کی معذوری کے زمرے کے بارے میں کوئی بھی خیالات، سوالات، یا تشویشات

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: معذوری کے زمرے اور اہم اصطلاحات، ناموں اور تشخیص کے ان نتائج کو نوٹ کریں جن کے ذریعے فیصلہ کیا گیا تھا۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح (PLOP) اور انفرادی ضروریات

## حصہ 1: تشخیص کے نتائج

PLOP آپ کے بچے کی توانائیوں اور معذوری سے متعلقہ مخصوص ضروریات کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ مواد (جیسے کہ تشخیص کے نتائج، کلاس روم کے امتحان، تشخیصات، اور ریاستی امتحان کے نتائج) کے جائزے اور آپ کی، آپ کے بچے، اساتذہ اور اسکول کے دیگر عملہ کی تجاویز پر مبنی ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کے پروگرام کو PLOP میں نشان دہی کردہ ضروریات کی تکمیل کے لیے ڈیزائین کیا جاتا ہے۔ PLOP کا حصہ 1 تشخیص کے نتائج کی وضاحت کرتا ہے۔ تشخیصات آپ کے بچے کی صلاحیتوں، قابلیتوں اور ضرورت کے شعبوں کی پیمائش کرتی ہیں۔

### کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرا بچہ مطالعے اور ریاضی میں گریڈ کی سطح پر ہے میرے بچے میں آپ جو کچھ دیکھ رہے ہیں وہ اس کی عمر کے بچوں سے کس طرح مختلف ہے کیا آپ اس کی وضاحت کر سکتے ہیں۔
- ☐ کیا ہم میرے بچے کے کام پر نظر ڈال سکتے ہیں؟ اس کا موازنہ ہمسروں کے مقابلے میں کیسا ہے؟
- ☐ تشخیصات میں میرے بچے کے اسکور کیا ہیں؟ اسکورز کا کیا مطلب ہے؟
  - ماہر نفسیات کی جانب سے مکمل کی گئی تشخیصات کے نتائج کیا ہیں؟ ان اسکورز کا کیا مطلب ہے؟
  - میرے بچے نے ریجنٹس امتحانات میں کیسی کارکردگی دکھائی تھی اور ان اسکورز کا کیا مطلب ہے؟
  - **(انگریزی زبان کے متعلمین)** میرے بچے کے NYSESLAT اسکورز کیا ہیں؟ ان اسکورز کا کیا مطلب ہے؟
  - سطح 1 پیشہ ورانہ انٹرویو ہم کو میرے بچے کی صلاحیتوں، خوبیوں، کالج اور طرز معاش سے متعلقہ دلچسپیوں کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟ ان معلومات کی بنیاد پر کیا میرے بچے کے IEP میں کوئی تبدیلیاں کی جانی چاہیئں؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں:

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ اسکول میں اور اسکول سے باہر سابقہ طور پر مکمل کی گئی تشخیصات کے نتائج
- ☐ ریاضی اور ELA میں آپ کے بچے کی سابقہ کارکردگی. ان موضوعات کے متعلق اپنے بچے کے خیالات، جذبات اور رویے کے لیے اپنی ذاتی معلومات کا اشتراک کریں
- ☐ اپنے بچے کی ریاستی اور ضلعی تشخیصات کی سابقہ اور موجودہ کارکردگی پر آپ کے خیالات
- ☐ آپ کا بچہ امتحان لینے اور اپنی کارکردگی کے بارے میں کیسا محسوس کرتا ہے
- ☐ **سطح 1 پیشہ ورانہ انٹرویو** کے والدین کے انٹرویو والے حصے سے آپ کے بچے کے بارے میں معلومات اور ان کے اہداف۔ ( آپ کو IEP اجلاس سے قبل والدین کے انٹرویو کو مکمل کر لینا چاہیئے)
- ☐ آپ کے بچے کے گزشتہ سال کے **پیشہ ورانہ انٹرویو** سے لے کر اب تک آپ کے بچے کی صلاحیتوں، خوبیوں، دلچسپیوں، یا کالج اور طرزِ معاش کے اہداف میں کوئی تبدیلیاں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: انجام دی گئی تشخیصات کے ناموں کو، بتائے گئے مخصوص اسکورز اور ان اسکورز کے مفہوم کو نوٹ کریں۔

### تجاویز

- IEP ٹیم کو ایسی تمام تشخیصات، ریکارڈز، اور رپورٹوں کی نقول (کاپیاں) آپ کو فراہم کرنی چاہیئے جن کو آپ کے بچے کی تشخیص کرنے کے لیے استعمال کیا گیا تھا اور آپ اپنی زبان میں ان کی وضاحت کی گزارش کر سکتے ہیں۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

### حصہ 2: تعلیمی کامیابی، فعلی کارکردگی اور سیکھنے کی خصوصیات

PLOP کا حصہ 2 آپ کے بچے کی موجودہ تعلیمی قابلیتوں، صلاحیتوں، دشواریوں اور خوبیوں پر بات کرتا ہے۔

## کیا پوچھیں

- ☐ مطالعے، تحریر اور ریاضی میں میرے بچے کی خوبیاں اور ضروریات کیا ہیں؟
- ☐ دشوار شعبوں کو بہتر بنانے کے لیے آپ میرے بچے کی مدد کس طرح کریں گے؟
- ☐ میرا بچہ نئی صلاحیتوں کو کتنی جلدی سیکھتا ہے؟
- ☐ میرا بچہ کتنی دیر توجہ مرکوز رکھتا ہے؟
- ☐ میرے بچے نے جو کچھ سیکھا ہے یہ اس کو کتنی دیر تک یاد رکھتا ہے؟
- ☐ میرے بچے کی لسانی صلاحیتیں اس کی تعلیم کو کس طرح متاثر کرتی ہیں؟
- ☐ جب میرا بچہ ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی میں منتقل ہوتا ہے تو اس کا رویہ کیسا ہوتا ہے؟
- ☐ میرا بچہ کلاس روم کے قواعد اور معمول کی پابندی کیسے کرتا ہے؟
- ☐ کیا میرا بچہ منظم ہے؟ کیا میرا بچہ وقت پر اسکول اور کلاس میں آتا ہے؟
- ☐ میرے بچے کو بہترین انداز میں سیکھنے میں کیا چیز مدد کرتی ہے؟
- ☐ میرے بچے کو کالج، طرز معاش اور خود مختار زندگی گزارنے کی تیاری کے لیے کس طرح کی معاونت کی ضرورت ہو گی؟
- ☐ میرا بچہ ڈپلومہ کے کونسے انتخابات کے حصول پر کام کر رہا ہے اور کیا وہ سندیافتگی کی راہ پر گامزن ہیں؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کے سابقہ اسکول کے تجربات، IEP اجلاس، اور سابقہ خاص تعلیم خدمات کا پس منظر
- ☐ آپ کے بچے کی یادداشت یا توجہ دینے کے متعلق معلومات، خاص طور پر جب آپ ان سے گھر کا کوئی کام یا معمول کا کام مکمل کرنے کے لیے کہتے ہیں
- ☐ آپ کے خیال میں آپ کا بچہ کس طرح بہترین انداز میں سیکھتا ہے: سن کر، دیکھ کر، یا کام کو کر کے۔
- ☐ آپ کے بچے کی خود مختاری کی سطح ( مثلاً سفر کرنے کی قابلیت، ذاتی نگہداشت، منظم ہونا، حاضری)
- ☐ گزشتہ سال میں انہوں نے کیسی کارکردگی دکھائی ہے اس بارے میں آپ کے بچے کے خیالات
- ☐ اپنے بچے کی تعلیم کے متعلق آپ کی تشویشات

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: مطالعے، تحریر اور ریاضی میں کارکردگی کی مخصوص سطوح اور کسی بھی دیگر نمایاں خوبیوں یا ضروریات کو نوٹ کریں۔

## تجاویز

- IEP اجلاس میں سندیافتگی کے انتخابات پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے اور منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ IEP کے حامل طلبا کے لیے دستیاب سندیافتگی کی مختلف راہوں کو سمجھنا اہم ہے تاکہ آپ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کر سکیں کہ آپ کا بچہ متوقع ڈپلومہ یا کریڈینشل کے ساتھ سندیافتہ ہونے کی راہ پر گامزن ہے۔ آپ کا بچہ ڈپلومہ اور / یا کریڈینشل کے جن انتخابات پر کام کررہا ہے اور ان کی موجودہ پیش رفت کو IEP میں درج ہونا چاہیئے۔ سندیافتگی کے انتخابات اور مطلوبات کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: https://www.schools.nyc.gov/learning/in-our-classrooms/graduation-requirements

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

## حصہ 3: طالبِ علم کی خوبیاں، ترجیحات، اور دلچسپیاں

PLOP حصہ 3 میں یہ شامل ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ کیا چیز بہترین انداز میں کرتا ہے، کس طرح بہترین انداز میں سیکھتا ہے اور آپ کے بچے کی دلچسپیاں۔ IEP ٹیم ان سرگرمیوں اور پروگراموں پر تبادلہ خیال کرے گی جن سے آپ کا بچہ اسکول میں اور باہر لطف اندوز ہوتا ہے اور انکو ترجیح دیتا ہے، اس کے ساتھ آپ بچے کی تعلیمی اور غیر تعلیمی خوبیاں بھی۔

### کیا پوچھیں

- ☐ ان کی کلاسوں میں میرے بچے کی خوبیاں کیا ہیں؟
- ☐ اسکول میں میرے بچے کے پسندیدہ مضامین اور سرگرمیاں کیا ہیں؟
- ☐ میرے بچے کا استاد میرے بچے کو تعلیم دینے کے لیے اس کی خوبیوں اور دلچسپیوں کو کس طرح استعمال کرتا ہے؟
- ☐ میرا بچہ اسکول میں کیسی غیر تعلیمی سرگرمیوں میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے؟
- ☐ کیا میرا بچہ تنہا یا گروپس میں کام کرنے کی ترجیح کا اظہار کرتا ہے؟
- ☐ کیا میرا بچہ اسکول میں دیگر ترجیحات کو ظاہر یا ان کا اشتراک کرتا ہے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کی تعلیمی خوبیاں
- ☐ وہ مضامین اور سرگرمیاں جن کو آپ کا بچہ اسکول میں اور باہر ترجیح دیتا ہے
- ☐ آپ کے بچے کے مشغلے اور آپ کا بچہ اسکول کے باہر اپنا وقت کس طرح گزارتا ہے
- ☐ جس قسم کی کتب کا مطالعہ آپ کا بچہ کرنا پسند کرتا ہے اور اس کی دلچسپی والے موضوع
- ☐ آپ کے بچے کی دلچسپیاں، خوبیاں، اور لگن
- ☐ کوئی بھی دیگر ترجیحات جن کو آپ نے گھر پر نوٹ کیا ہے
- ☐ آپ کے بچے کے ہائی اسکول کی زندگی کے بعد اہداف اور دلچسپیاں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: اسکول میں بہتر کارکردگی کے مخصوص شعبوں اور دلچسپی کے مخصوص شعبوں کو نوٹ کریں۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

### حصہ 4: طالب علم کی تعلیمی، فروغ دہی اور افعالی ضروریات

PLOP کا حصہ 4 آپ کے بچے کی ضروریات کے شعبوں اور ضروریات کے ان شعبوں سے خطاب کرنے کی حکمت عملیوں کی وضاحت کرتا ہے۔

## کیا پوچھیں

- ☐ میرے بچے کو کن مضامین میں مدد کی ضرورت ہے؟
- ☐ میرے بچے کو گریڈ کی سطح کے معیارات کی تکمیل کرنے کے لیے کن صلاحیتوں اور علم کی ضرورت ہو گی
- ☐ کیا آپ میرے بچے کی موجودہ تعلیمی سطح اور گریڈ کی سطح میں کسی خلا کی وضاحت کر سکتے ہیں؟
- ☐ کونسی تعلیمی حکمت عملیاں ان کو بہتر بنانے میں مدد کریں گی؟
- ☐ میں گھر پر ان کی معاونت کرنے کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟
- ☐ کیا میرے بچے سے کسی ریجنٹس امتحان یا کورس کو دوبارہ لینا مطلوب ہے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کی تعلیمی حصولیابی کے متعلق آپ کی تشویشات
- ☐ ان شعبوں کی وضاحت جن کے لیے آپ سمجھتے ہیں آپ کے بچے کو اعلی سطح کی معاونت کی ضرورت ہے
- ☐ مخصوص مضامین، موضوعات یا صلاحیتوں کے بارے میں آپ کے بچے کی تشویشات

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: اپنے بچے کی موجودہ تعلیمی سطح اور گریڈ کی سطح کے کسی بھی مخصوص شعبوں میں خوبیوں، خلا کو اور کسی بھی ایسی حکمت عملیوں کو نوٹ کریں جو آپ کے بچے کی معاونت کر سکتی ہیں۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

## حصہ 5: سماجی نشو ونما

PLOP کا حصہ 5 آپ کے بچے کے ہمسروں اور بالغان کے ساتھ تعلقات پر توجہ دیتا ہے۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کی اپنی ذات کے بارے میں جذبات پر اور یہ اسکول کے ماحول کتنی اچھی طرح سما گیا ہے اس کے بارے میں بات چیت کرے گی۔

### کیا پوچھیں

- ☐ کیا آپ اسکول میں میرے بچے کے طرز عمل کی وضاحت کر سکتے ہیں؟ کس وقت یہ سب سے زیادہ مصروف ہوتے ہیں؟
- ☐ میرا بچہ کس طریقے (طریقوں) سے سماجی نشوونما پا سکتا ہے؟
- ☐ کیا آپ میرے بچے کے ہمسروں اور بالغان کے ساتھ تعلقات کی وضاحت کر سکتے ہیں؟
- ☐ کیا آپ میرے بچے کی پریشانی سے نمٹنے کی اور اپنی ضروریات کے لیے حمایت کرنے کی قابلیت کی وضاحت کر سکتے ہیں؟ یہ کس شعبے میں سب سے زیادہ پُراعتماد دکھائی دیتے ہیں؟
- ☐ کیا ایسے شعبے ہیں جن میں میرے بچے کو معاونت کی ضرورت ہے اور کونسی معاونتیں موثر رہ چکی ہیں؟
- ☐ طرز عمل کی کونسی دشواریوں کا مشاہدہ اور ان کو قلم بند کیا گیا ہے؟ طرزِ عمل کی مداخلت کی کونسی حکمتِ عملیاں آزمائی جا چکی ہیں؟ کیا ایک تفاعلی طرزِ عمل تشخیص (FBA) مکمل کی جا چکی ہیں؟ کیا ایک طرزِ عمل مداخلت منصوبے (BIP) کو مکمل کیا جا چکا ہے؟ اگر ایسا ہے، آپ میرے بچے کی پیش رفت کی نگرانی کس طرح کرتے ہیں؟ **(ان طلبا کے لیے جن کے لیے طرزعمل میں معاونت ("بحران") کے پیشہ ور معاون کی تجویز کی گئی ہے)**

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کے گھر پر طرزعمل اور جذباتی ضروریات کی ایک وضاحت کے ساتھ ساتھ اسکول میں ان کے طرز عمل کے لیے آپ کی توقعات
- ☐ آپ کے بچے کے دوستوں، اہلِ خانہ اور اسکول کے باہر دیگر افراد کے ساتھ تعلقات کی ایک وضاحت
- ☐ آپ کے بچے کی اعتماد کی سطح، پریشانی کی صورتِ حال سے نمٹنے کی قابلیت، اور اپنی ذات کی حمایت کرنے قابلیت
- ☐ آپ اور آپ کا بچہ ان کی کونسی سماجی خوبیوں کو جانتے ہیں
- ☐ اپنے بچے کے طرزِ عمل یا سماجی تعامل کے بارے میں کوئی تشویشات
- ☐ طرزِ عمل کی کوئی بھی ایسی حکمتِ عملیاں جو گھر پر مؤثر رہی ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: کسی بھی جذباتی اور طرزِعمل کی خوبیوں کو، ان شعبوں کو جن میں آپ کے بچے کو مدد درکار ہے اور کارآمد حکمتِ عملیوں کو نوٹ کریں۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

### حصہ 6: جسمانی نشو ونما

PLOP کا حصہ 6 آپ کے بچے کی صحت اور نشوونما پر توجہ دیتا ہے۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کی جسمانی صلاحیتوں اور / یا تعلیم حاصل کرنے کے عمل میں متعلقہ رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کرے گی۔

## کیا پوچھیں

- ☐ آپ میرے بچے کی جسمانی نشوونما، سماعت، اور بینائی کے بارے میں کن معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں؟
- ☐ میرا بچہ اسکول میں کن جسمانی سرگرمیوں میں شرکت کرتا ہے؟ ان کی کارکردگی کیسی ہے؟
- ☐ کوئی ایسے شعبے ہیں جن میں میرے بچے کو مدد کی ضرورت ہے؟ کونسی معاونتیں ان کے لیے مددگار تھیں؟
- ☐ میرے بچے کی رسائی کی ضرورت اس کی تعلیم کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟ اگر میرے بچے کو ایک قابل رسائی اسکول یا پروگرام کی ضرورت ہے تو مجھے کس قسم کے دستاویزات فراہم کرنا درکار ہونگے؟ کیا میرے بچے کی رسائی کی ضرورت اس کے اسکول کے انتخابات کو متاثر کرے گی؟ **(رسائی کے ضرورت مند طلبا کے لیے)**

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آیا آپ کا بچہ حرکت کرنے کی محدود استطاعت رکھتا ہے
- ☐ اگر آپ کا بچہ وہیل چیئر اور / یا چلنے کی امداد (واکنگ ایڈز) استعمال کرتا ہے
- ☐ وہ طریقے جن کے لیے آپ کا ماننا ہے کہ ان کے ذریعے آپ کا بچہ جسمانی طور پر نشوونما پاتا ہے
- ☐ آپ کے بچے کے ڈاکٹر کے ساتھ حالیہ معائنے سے کوئی بھی ایسی معلومات جو آپ کے خیال میں اسکول کے علم میں ہونی چاہیئں
- ☐ کوئی بھی ایسا طبی مسئلہ (جیسے کہ دورہ پڑنا یا دمہ) کی وضاحت اور کوئی بھی مطلوبہ سماعتی یا بصری امداد جس کے بارے میں اسکول کو علم ہونا چاہیئے
- ☐ آپ کے بچے کی جسمانی نشوونما اور صحت کے متعلق کوئی بھی تشویشات
- ☐ آپ کے بچے کی طبی اور جسمانی ضروریات کی وضاحت کرنے والے حالیہ دستاویزات اور فارمز **(رسائی یا طبی خدمات کی ضرورت کے ایسے تمام طلبا کے لیے جن کو ایک نرس یا معاون پیشہ ور کی ضرورت ہے)**

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: اس شعبے میں خوبیوں اور ضروریات کو اور آپ کے بچے کی مدد کرنے والی معاونتوں کو نوٹ کریں۔

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

## حصہ 7: انتظامی ضروریات

**انتظامی ضروریات آپ کے بچے کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فراہم کردہ معاونتیں ہیں۔ اس میں بالغان کے ذریعے نگرانی کا وقت اور کلاس روم یا تعلیم کے لیے درکار کوئی بھی درکار ترمیمات شامل ہو سکتی ہیں۔ IEP ٹیم کسی ایسی حکمتِ عملیوں اور طریقوں پر تبادلہ خیال کرے گی جو آپ کے بچے ضرورت کے شعبوں میں مدد کریں گی۔**

### کیا پوچھیں

- ☐ میرے بچے کی تعلیم کی معاونت کرنے میں کونسی حکمتِ عملیاں مؤثر رہی ہیں؟
- ☐ تعلیم دینے کے وہ کونسے خاص طریقے ہیں جن سے میرا بچہ مستفید ہوا ہے؟
- ☐ میرے بچے کی معاونت کرنے کے لیے کلاس روم کے ماحول میں کس طرح تبدیلی کی گئی ہے یا اسکو مطابقت پذیر بنایا گیا ہے؟
- ☐ میرے بچے کی تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے کونسا مواد اور وسائل استعمال کیے جا چکے ہیں؟
- ☐ میرا بچہ بالغان کی کونسی مخصوص مدد موصول کر چکا ہے؟
- ☐ میرے بچے کے لیے سماجی اور طرزِ عمل کی کونسی معاونتیں دستیاب ہیں؟
- ☐ ایک معاون پیشہ ور میرے بچے کے لیے کیسی معاونت فراہم کرے گا؟ معاون پیشہ ور میرے بچے کو کس طرح ان کے کم سے کم پابندی کے ماحول میں شرکت کرنے کے قابل بنائے گا؟ میرا بچہ معاون پیشہ ور کی ضرورت کو کم یا ختم کرنے کے لیے تعلیمی اور خود مختاری کی صلاحتیں کیسے سیکھے گا؟ کیا ایک معاون پیشہ ور کی تقرری میرے بچے یا ان کی خدمات کے معیار پر منفی انداز میں اثر انداز ہو سکتی ہے؟ **(جن طلبا کے لیے ایک 1:1 یا گروپ کے معاون پیشہ ور کی تجویز کی گئی ہے)**
- ☐ میرے بچے کی کالج، طرزِ معاش، اور / یا خود مختار زندگی میں منتقلی میں کونسی حکمتِ عملیاں یا معاونتیں درکار ہوں گی؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

______________________________

______________________________

______________________________

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ وہ حکمت عملیاں اور وسائل جو آپ کے بچے کو کوئی نئی چیز سیکھنے اور دشوار کام کو مکمل کرنے میں مدد کریں گے
- ☐ کلاس روم کے ماحول میں کوئی بھی ایسی تبدیلیاں (جیسے کہ نشست) جن کے لیے آپ سمجھتے ہیں کہ یہ آپ کے بچے کے لیے مفید ہوں گی۔
- ☐ آپ کے بچے کو کیا چیز پُرعزم بناتی یا حوصلہ دیتی ہے اس کے ساتھ کیا چیز مزاحمت پیدا کرتی ہے اور حوصلہ شکنی کرتی ہے
- ☐ وہ حکمت عملیاں اور وسائل جن کی ضرورت آپ کے بچے کو کالج، مستقبل کے طرزِ معاش اور خود مختار زندگی گذارنے کے لیے ہو گی

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

______________________________

______________________________

______________________________

### نوٹس

تجاویز: تعلیم دینے کے ایسے مخصوص طریقوں، مواد، وسائل اور معاونتوں کو نوٹ کریں جو آپ کے بچے کے لیے مددگار ہیں۔

______________________________

______________________________

# کارکردگی کی موجودہ سطوح اور انفرادی ضروریات

## حصہ 8: عام تعلیم نصاب میں شمولیت اور پیشرفت پر طالب علم کی ضروریات کا اثر

عام تعلیم نصاب تمام طلبا، بشمول معذوری کے حامل طلبا کے لیے ایسے علم اور صلاحیتوں کا احاطہ کرتا ہے، جن میں ان سے مہارت حاصل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کے لیے عام تعلیم نصاب میں شرکت اور پیش رفت کو بڑھانے کے لیے معاونتوں پر تبادلہ خیال کرے گی۔

### کیا پوچھیں

- ☐ میرے بچے کی معذوری میرے بچے کی عام تعلیم نصاب میں شرکت اور پیش رفت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟
- ☐ میرے بچے کی معذوری، میرے بچے کو سکھائی جانے والی چیزوں اور تعلیم دیئے جانے والے طریقوں کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟
- ☐ میرے بچے کی تشخیص کس طرح کی جاتی ہے اس کو میرے بچے کی معذوری کس طرح متاثر کرتی ہے؟
- ☐ میرے بچے کی معذوری اس کے مستقبل کے طرزِ معاش، تعلیم اور خود مختار زندگی گزارنے کے اہداف کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کے تعلیمی اہداف (اس وقت اور مستقبل میں) کی وضاحت
- ☐ وہ حد جس تک آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو اپنے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ عام تعلیم نصاب میں شرکت کرنی چاہیئے (یہ ذہن میں رکھیں اس انتخاب پر ہمیشہ سب سے پہلے غور کیا جانا چاہیئے)

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: وہ مخصوص طریقے جن کے ذریعے آپ کے بچے کی معذوری عام تعلیم نصاب میں شرکت کو متاثر کرتی ہے اور وہ طریقے جن کے لیے ٹیم یہ سمجھتی ہے کہ یہ اپنے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ عام تعلیم نصاب میں شرکت کر سکتے ہیں۔

# طالب علم کی ضروریات کے متعلقہ خاص عناصر

IEP ٹیم کے لیے پانچ خاص عناصر پر غور کرنا لازمی ہے: طرزِعمل، انگریزی میں محدود مہارت، نابیناپن، یا بصری کمزوری، بہرا پن یا سماعتی کمزوری، ابلاغ کی ضروریات، اور امدادی ٹکنالوجی کا استعمال۔ IEP اجلاس کے دوران، IEP ٹیم اس بات پر تبادلہ خیال کرے گی کہ آیا درج کردہ خاص عناصر میں سے کوئی آپ کے بچے کی تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت کو متاثر کریں گے اور کوئی معاونت ان کو درکار ہو سکتی ہے۔

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرے بچے کو ان کے طرزعمل سے خطاب کرنے کے لیے اضافی معاونت کی ضرورت ہے؟ اگر ایسا ہے، کیا میرے بچے کو طرزِ عمل کی مداخلتوں کے ایک منصوبے کی ضرورت ہے؟
- ☐ **(انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے)** میرا بچہ انگریزی سیکھنے کے لیے معاونت کس طرح حاصل کر سکتا ہے؟
- ☐ **(ان طلبا کے لیے جو نابینا ہیں یا بصری کمزوری رکھتے ہیں)** کیا میرے بچے کو بریل میں ہدایات یا بریل استعمال کرنے کی ضرورت ہے؟
- ☐ کیا میرے بچے کو ابلاغ میں مدد کے لیے کسی خدمت یا ایک آلے کی ضرورت ہے؟
- ☐ کیا میرے بچے کو ایک امدادی ٹکنالوجی کی ضرورت ہے؟ اگر ایسا ہے، کیا میرے بچے کو گھر میں اس امدادی ٹکنالوجی کی ضرورت ہو گی؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ اپنے بچے کے طرزعمل کو درست کرنے کے لیے کوئی مؤثر حکمتِ عملیاں جو آپ جانتے ہوں
- ☐ **(انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے لیے)** آپ کے گھر پر بولی جانے والی زبان کے بارے میں معلومات
- ☐ **(نابینا یا بصری کمزوری رکھنے والے طلبا کے لیے)** ان خاص خدمات یا آلات کی وضاحت جن کو آپ کا بچہ گھر پر استعمال کرتا ہے یا وہ جو آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کے لیے مؤثر ہوں گی۔

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: ان مخصوص معاونتوں کو نوٹ کریں جو آپ کے بچے کی ضروریات کی بنیاد پر فراہم کی جائیں گے۔

## تجاویز

- جن طلبا کی نشان دہی انگریزی زبان کے متعلمین کے طور پر کی جاتی ہے وہ دولسانی خاص تعلیم خدمات یا ایک متخصص دولسانی خاص تعلیم پروگرام کے اہل ہو سکتے ہیں۔ IEP ٹیم سے اپنے بچے کی اہلیت کے بارے میں پوچھیں۔
- جب آپ کا بچہ سندیافتہ ہو جائے گا تو محکمۂ تعلیم کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی IEP باضابطہ امدادی ٹکنالوجی آلات کو محکمۂ تعلیم کو واپس کرنا ہوگا۔ آپ کے بچے کو سندیافتگی کے بعد ان آلات کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ سندیافتگی سے قبل موسم سرما میں منتقلی کے طریق کار کا آغاز کرنے کے لیے IEP ٹیم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے بچے کے پاس میڈیکیڈ یا میڈیکیڈ ویور (Waiver) ہے تو IEP ٹیم آلے کے لیے میڈیکیڈ کی منظوری میں مدد کرنے کے لیے معقول عملے کے فرد سے رابطہ کرے گی۔

# ثانوی کے بعد قابل پیمائش اہداف

**ثانوی کے بعد قابلِ پیمائش اہداف آپ کے بچے کی زندگی گزارنے، ملازمت کرنے اور سیکھنے کے طویل مدتی اہداف کی نشان دہی کرتے ہیں۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کو ہائی اسکول کے بعد زندگی کے لیے تیار کرنے کے لیے اہداف تخلیق کرنے اور سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے آپ کے بچے کی ضروریات، پسند، ناپسند اور دلچسپیوں پر تبادلہ خیال کرے گی۔**

## کیا پوچھیں

- ☐ اسکول میرے بچے کو ہائی اسکول کے بعدتعلیم اور تربیت کے لیے تیاری میں کس طرح مدد کرے گا؟
- ☐ اسکول میرے بچے کو ہائی اسکول کے بعد ایک طرزمعاش کے لیے تیاری میں کس طرح مدد کرے گا؟
- ☐ اسکول میرے بچے کو ہائی اسکول کے بعد ایک خود مختار زندگی گزارنے کی تیاری کرنے کے لیے کونسی خدمات فراہم کرے گا؟
- ☐ یہ اہداف میرے بچے کی دلچسپی، خوبیوں، اور طرز معاش کے منصوبوں کے ساتھ کیسے میل کھاتے ہیں؟
- ☐ ان اہداف کو تخلیق کرنے کے لیے آپ نے پیشہ ورانہ تشخیص کے نتائج کو کس طرح استعمال کیا تھا؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کے ہائی اسکول کے **بعد** ملازمت، تعلیم اور تربیت، اور خود مختار زندگی گزارنے کے لیے متعلقہ اہداف اور دلچسپیاں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: ہائی اسکول کے بعد کالج / طرزِمعاش اور خود مختار زندگی گزارنے کی تیاری میں اسکول جن مخصوص طریقوں سے آپ کے بچے کی مدد کر رہا ہے یا مدد کرے گا ان کو نوٹ کریں۔

# قابلِ پیمائش سالانہ اہداف

قابلِ پیمائش اہداف ایسے اہداف ہیں جن کو آپ کا بچہ ایک تعلیمی سال میں مکمل کر سکتا ہے۔ اہداف تعلیمی، سماجی یا طرزِعمل کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے، جسمانی ضروریات سے متعلقہ یا دیگر تعلیمی ضروریات سے نمٹنے کے لیے ہو سکتے ہیں جن کی نشان دہی PLOP میں کی گئی تھی۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کے ضروریات کے شعبوں پر اور اس پر تبادلہ خیال کرے گی کہ ہر ایک ہدف ان کے ضروریات کے شعبوں میں کس طرح مدد کرے گا۔

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرے بچے نے گزشتہ سال کے اہداف کو حاصل کر لیا تھا؟ اگر نہیں، کونسی معاونت دی جائے گی؟
- ☐ میرے بچے کو اگلے IEP اجلاس سے قبل کن اہداف کی تکمیل کرنے کی ضرورت ہے؟
- ☐ ہر ہدف کی جانب پیش رفت کی جانچ آپ کتنی بار کریں گے اور آپ کو کیسے معلوم ہو گا کہ ہدف کی تکمیل ہو گئی ہے؟
- ☐ یہ اہداف میرے بچے کے ضروریات کے شعبوں سے اور عام تعلیم نصاب سے کس طرح وابستہ ہیں؟
- ☐ ہر ایک ہدف کس خاص تعلیم پروگرام یا متعلقہ خدمت سے مربوط ہے؟
- ☐ **(1:1، گروپ، یا کلاس روم معاون پیشہ ور کی تجویز کردہ طلبا کے لیے)** معاون پیشہ ور میرے بچے کی سالانہ اہداف کے حصول میں کس طرح مدد کرے گا اور کیا ایسے سالانہ اہداف ہیں جو خاص طور پر میرے بچے کے معاون پیشہ ور سے وابستہ ہوں؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ ایسے اہداف تجویز کریں جن کے لیے آپ سمجھتے ہیں یہ آپکے بچے کے لیے مددگار ہوں گے
- ☐ اپنے بچے کے پچھلے سال کے اہداف کی جانب پیش رفت پر بات چیت کریں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: ہر ایک ہدف کو اور یہ نوٹ کریں کہ یہ آپ کے بچے کی ضرورت کے شعبے کے ساتھ کس طرح وابستہ ہے

| ہدف: | قابلِ پیمائش سالانہ اہداف |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# والدین کو پیش رفت سے مطلع کرنا

IEP ٹیم اس بات پر تبادلہ خیال کرے گی کہ آپ کے بچے کی پیش رفت کی پیمائش کس طرح کی جائے گی اور آپ کو مطلع کس طرح کیا جائے گا۔

## کیا پوچھیں

- ☐ آپ مجھے میرے بچے کی پیش رفت سے کب اور کیسے مطلع کریں گے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ اپنے بچے کی پیش رفت سے کتنے وقفے سے اور کس طریقے سے مطلع ہونا چاہتے ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

# تجویز کردہ خاص تعلیمی پروگرامز اور خدمات

## حصہ 1: خاص تعلیمی پروگرام / خدمات

آپ کے بچے کی کم سے کم پابندی کے ماحول میں معاونت کرنے کے لیے کئی خدمات دستیاب ہیں۔ IEP ٹیم اس بات پر تبادلہ خیال کرے گی کہ آیا آپ کے بچے کی ضروریات کو معاونت اور خدمات کے ساتھ ایک عام تعلیم کی کلاس میں پورا کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ آپ کا بچہ معقول امداد کے باوجود عام تعلیم کلاس میں شرکت نہیں کر سکتا ہے تو خاص تعلیم استاد معاونتی خدمات (SETSS)، متعلقہ خدمات یا ایک باہمی تدریس (ICT) کلاس، خاص کلاسوں یا خاص اسکولوں جیسی دیگر ترتیب پرغور کیا جائے گا۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کو فراہم کیے جانے والے پروگرام اور خدمات پر تبادلہ خیال کرے گی۔

### کیا پوچھیں

- ☐ میرا بچہ کونسی خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات موصول کرے گا اور ان کا آغاز کب ہوگا؟
- ☐ یہ خدمات میرے بچے کی ضروریات کی معاونت کس طرح کریں گی؟
- ☐ یہ خدمات کتنی مرتبہ اور کہاں پر فراہم کی جائیں گی؟
- ☐ کیا یہ خدمات گزشتہ سال کی خدمات جیسی ہیں؟ کیوں اور کیوں نہیں؟
- ☐ یہ پروگرام اور خدمات کم سے کم پابندی کے ماحول (LRE) تک رسائی کس طرح فراہم کرتی ہیں؟
- ☐ **(ان طلبا کے لیے جن کے لیے ایک خاص کلاس یا خاص اسکول کی تجویز کی گئی ہے)** کیا میرے بچے کو اس کے غیر معذور ہمسروں کی طرح اسی مواد کی تعلیم اور وہی امتحانات دیئے جائیں گے؟ کیا میرا بچہ تعلیمی دن کے دوران کسی وقت عام تعلیم کی کلاس میں ہو گا؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ تجویز کردہ خدمات کے بارے میں آپ کے خیالات، سوالات، یا تشویشات
- ☐ آپ کے خیال میں کونسی خدمات سب سے زیادہ مؤثر رہی ہیں، اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کوئی ایسی خدمات ہیں جو آپ کے بچے ضروریات کی تکمیل نہیں کرتی ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: آپ کا بچہ کونسے پروگرام اور خدمات موصول کرے گا، خدمات کے تاریخِ آغاز، مقام اور وقت کو نوٹ کریں۔

### تجاویز

- **متعلقہ خدمات** ایک طالب علم کی اسکول میں حصہ لینے اور تعلیمی اہداف کے حصول میں مدد کر سکتی ہیں۔ متعلقہ خدمات کی کچھ مثالیں ذہنی / جسمانی ورزش سے علاج، جسمانی علاج، اور گویائی / لسانی علاج ہیں۔ آپ کے بچے کے IEP کو کم سے کم پابندی والے ماحول میں متعلقہ خدمات کی تجویز کرنی چاہیئے۔ کئی طلبا کو، متعلقہ خدمات کلاس روم میں فراہم کی جائیں گی۔ متعلقہ خدمات فراہم کنندگان آپ کے بچے کی معاونت کرنے کے لیے اساتذہ، پیشہ ور معاونین اور دیگر بالغان کے ساتھ کام کریں گے۔
- ہائی اسکول میں خاص کلاس کا **12:1** تناسب **15:1** میں بدل جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، **خاص تعلیم استاد معاونتی خدمات (SETSS)** جیسی معاونت **بغیر کریڈٹس** کی ہوسکتی ہیں۔ SETSS اور دیگر خدمات کے آپ کے بچے کی سندیافتگی کے لیے کریڈٹس کے حصول پر اثر پذیری کے بارے میں IEP ٹیم سے پوچھیں۔

# تجویز کردہ خاص تعلیمی پروگرامز اور خدمات

## حصہ 2: توسیعی تعلیمی سال (12 ماہ) خدمات اور / یا پروگرام

**توسیعی تعلیمی سال خدمات کچھ ایسے طلبا کے لیے تجویز کی جاتی ہیں جنہیں جولائی اور اگست کے دوران قابلِ توجہ مراجعت (نمایاں تعلیمی حرج) سے بچنے کرنے کے لیے خدمات درکار ہوتی ہیں۔ جب قابلِ اطلاق ہو، IEP ٹیم اس بارے میں تبادلہ خیال کرے گی کہ آیا آپ کے بچے کو توسیعی تعلیمی سال کی خدمات درکار ہیں۔**

### کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرا بچہ موسم گرما کے مہینوں کے دوران صلاحیتوں اور علم میں حرج ہونے کی وجہ سے پیچھے رہ جانے کے خطرے میں ہے؟ کیوں یا کیوں نہیں؟
- ☐ کیا میرا بچہ موسم گرما کے دوران خاص تعلیم پروگرام / خدمات موصول کرنے کا اہل ہے؟ کیوں اور کیوں نہیں؟
- ☐ میرا بچہ موسمِ گرما کے دوران کونسے پروگرام / خدمات موصول کرے گا، اگر کوئی ہیں؟ یہ خدمات میرے بچے کی تعلیمی سال کے دروان کس طرح مدد کریں گے؟
- ☐ یہ خدمات کہاں اور کتنے تواتر سے فراہم کی جائیں گی؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ اپنے بچے کی موسم گرما میں صلاحیتوں، علم کو برقرار رکھنے، اور پیش رفت کرنے کے متعلق آپ کی کوئی تشویشات

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

### نوٹس

تجاویز: آپ کے بچے کے لیے تجویز کی جانے والی خدمات اور پروگراموں کو گروپ کے سائز یا دورانیے جیسی تفصیلات کے ساتھ درج فہرست کریں۔ اگر معلومات دستیاب ہیں تو آپ ان فراہم کنندگان کے نام بھی درجِ فہرست کر سکتے ہیں جو آپ کے بچے کے ساتھ کام کریں گے۔

### تجاویز

- IEP اجلاس کے اختتام پر، IEP ٹیم کو اس صفحے کے خاکے کی ایک نقل (کاپی) آپ کو فراہم کرنی چاہیئے۔ اگر یہ آپ کو ایک نقل فراہم نہیں کرتے ہیں تو ایک نقل کی گزارش کریں۔ جب آپ حتمی IEP موصول کر لیں تو حتمی نقل کے ساتھ خاکے کا جائزہ لینا اور IEP ٹیم سے آپ کو نظر آنے والی تبدیلیوں کے بارے میں پوچھنا یقینی بنائیں۔

# امتحان کی سہولیات

**کچھ معذوری کے حامل طلبا اور کثیر لسانی متعلمین امتحان کی سہولیات موصول کر سکتے ہیں تاکہ ان کو اپنی صلاحیتوں، علم، اور قابلیت کا مظاہرہ کرنے کے لیے غیر ضروری طور اپنی معذوری یا انگریزی کی مہارت سے متاثر ہوئے بغیر درکار معاونت فراہم کی جائے۔ امتحان کی سہولیات امتحان کی وضع اور/ یا امتحان دینے کے طریقے میں تبدیلیاں ہے۔ امتحانی سہولیات ان صلاحیتوں یا مواد میں تبدیلی نہیں کرتی ہیں جنکی امتحان پیمائش کرتا ہے، اور نہ ہی انکا مقصد امتحانات کی دشواری کو کم کرنا ہے۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کے لیے امتحان کی ممکنہ سہولیات پر تبادلہ خیال کرے گی۔ مثالوں میں مخصوص نشست کا اہتمام؛ سوالات کو پڑھ کر سنانا یا اونچی آواز میں دوبارہ پڑھ کر سنانا اور اضافی وقت شامل ہے۔**

## کیا پوچھیں

- ☐ امتحان کی سہولیات کیا ہیں اور کیا میرے بچے کو ان کی ضرورت ہے؟
- ☐ میرا بچہ امتحان کی کونسی سہولیات موصول کرے گا؟ میرا بچہ ان کو کب موصول کرے گا؟
- ☐ یہ سہولیات کس طرح میرے بچے کو اپنے علم کا مظاہرہ کرنے میں مدد کریں گی؟
- ☐ میرا بچہ کن تشخیصات کے لیے یہ سہولیات موصول کرے گا؟
- ☐ میرا بچہ SAT, PSAT, SAT مضامین امتحانات، ایڈوانسڈ پلیسمنٹ اور / یا ACT امتحانات میں کونسی امتحانی سہولیات کو موصول کرے گا؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ ان معاونتوں کی وضاحت کریں جن کے لیے آپ سمجھتے ہیں کہ یہ آپ کے بچے کی کلاس روم اور ریاستی امتحانات دونوں میں اچھی کارکردگی دکھانے میں مدد کریں گی۔

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: ان سہولیات اور معاونتوں کو درج فہرست کریں جن کو آپ کا بچہ کلاس روم اور ریاستی تشخیصات میں موصول کرے گا۔ آپ کے یا ٹیم کے لیے اگر کوئی اگلے اقدامات (جیسے کہ کالج بورڈ سے رابطہ کرنا) ہیں تو ان کو نوٹ کریں۔

## تجاویز

- **امتحان کی سہولیات** کو کلاس روم، ضلع اور ریاستی تشخیصات میں ہم آہنگی کے ساتھ استعمال کیا جانا چاہیئے۔ IEP ٹیم کو تشخیصات کی اقسام کے بارے میں تفصیل سے وضاحت کرنے کو کہیں اور یہ کہ ہر ایک سہولت کو کس وقت استعمال کیا جائے گا۔
- جن طلبا کے IEP یہ نشان دہی کریں کہ ان کو امتحان کی سہولیات موصول کرنی چاہیئے تو وہ SAT, PSAT, SAT مضامین امتحانات، ایڈوانسڈ پلیسمنٹ اور / یا ACT امتحانات میں امتحان کی سہولیات موصول کرنے کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ IEP ٹیم سے ان سہولیات کے بارے میں پوچھیں جن کو موصول کرنے کے لیے آپ کا بچہ اہل ہو سکتا ہے۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے اسکول کی خدمات (SSD) کے رابطہ کار سے آپ کے نمائندے کے طور پر سہولیات کی درخواست کرنے کے لیے اجازت کے مطلوبہ فارم کی گزارش کریں۔
- حتی کہ اگر آپ کا بچہ **نیو یارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA)** میں حصہ لیتا ہے، امتحان کی سہولیات پر بات کرنا اہم ہے۔ NYSAA میں سہولیات موصول کرنے کے علاوہ، طلبا اپنے کلاس روم کے امتحانات میں اور ساتھ ہی اسکول پیما تشخیصات میں بھی اپنی سہولیات کو موصول کریں گے۔

# منتقلی کی سرگرمیوں کا مربوط کردہ مجموعہ

**منتقلی کی خدمات مربوط سرگرمیوں کا ایسا مجموعہ ہیں جو آپ کے بچے کی ہائی اسکول کے بعد اہداف میں معاونت کرتے ہیں۔ منتقلی کی خدمات آپ کے بچے کو جاری تعلیم، ملازمت، اور خود مختار زندگی گزارنے کے ہدف کو ذہن رکھتے ہوئے اسکول سے اسکول کے بعد سرگرمیوں میں منتقل ہونے میں مدد کرتی ہیں۔ IEP ٹیم آپ کے بچے کی مخصوص انفرادی ضروریات، خوبیوں، ترجیحات اور دلچسپیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ کے بچے کے لیے مخصوص سرگرمیوں پر بات چیت کرے گی۔**

## کیا پوچھیں

- ☐ میرے بچے کو ہائی اسکول کی زندگی کے بعد تیار کرنے کے لیے اسکول کس قسم کی خاص ہدایات، خدمات یا تجربات فراہم کرے گا؟
- ☐ یہ سرگرمیاں میرے بچے کی خوبیوں، ترجیحات اور دلچسپیوں سے کس طرح میل کھاتی ہیں؟
- ☐ یہ سرگرمیاں میرے بچے کی ہائی اسکول کی زندگی کے بعد کے اہداف سے کس طرح میل کھاتی ہیں؟
- ☐ عملے کے کونسے ارکان یا ایجنسی ہر سرگرمی کے نگراں ہوں گے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کے بچے کے لیے ہائی اسکول کے **بعد** تعلیم، ملازمت اور خود مختار زندگی گزارنے کے اہداف
- ☐ آپ کے بچے کے ہائی اسکول کی زندگی کے بعد اہداف اور دلچسپیاں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: اپنے بچے کو ہائی اسکول کی زندگی کے بعد تیار کرنے کے لیے مخصوص طریقوں کو تحریر کریں۔

## تجاویز

- جب آپ کا بچہ 14 سال کا ہو ( یا اس سے چھوٹی عمر میں، اگر مناسب ہو) IEP ٹیم آپ کے بچے کی ہائی اسکول سے ہائی اسکول کے بعد کی زندگی میں منتقل ہونے میں مدد کی منصوبہ بندی کا آغاز کرے گی۔ **گریڈ 9** میں آپ کے بچے کے سالانہ IEP اجلاس میں، IEP ٹیم سے اپنے بچے کی اسکول سے اسکول بعد سرگرمیوں میں منتقلی کی معاونت کرنے کے لیے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں پوچھیں۔
- کالج میں IEP نہیں ہوتے ہیں۔ معذوری کے حامل طلبا کالج یا یونیورسٹی کے معذوری کے دفتر سے مدد کی گزارش کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر ایک طالب علم کو اہل پایا جاتا ہے تو معذوری کا دفتر طالب علم کے فراہم کردہ دستاویزات کی بنیاد پر سہولیات کے ایک منصوبے کو تیار کرے گا۔ کالج اور یونیورسٹیوں سے ایسی ترمیمات فراہم کرنا مطلوب نہیں ہے جو اس مواد کو تبدیل کرسکتی ہیں جن کو سیکھنا طلبا سے مطلوب ہے۔

# ریاست اور ضلع پیما تشخیصات میں شرکت کریں

IEP ٹیم اس بات پر تبادلہ خیال کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ ریاست اور ضلع پیما تشخیصات میں شرکت کرے گا اور آپ کے بچے کو ان امتحانات کو دینے کے دوران کونسی سہولیات کی ضرورت ہو گی، اگر کوئی ہیں۔ اگر آپ کا بچہ ریاست یا ضلع پیما تشخیصات میں شرکت نہیں کرے گا تو، IEP ٹیم اس بات پر تبادلہ خیال کرے گی کہ آپ کے بچے کی پیش رفت کی پیمائش کس طرح کی جائے گی بشمول نیویارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA) میں شرکت کے۔

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرا بچہ عام تعلیم طلبا کی طرح انہی ضلع اور ریاست پیما تشخیصات میں شرکت کرے گا؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟
- ☐ میرا بچہ **فی الحال** جس قسم کی تشخیصات کو لے گا کیا یہ **مستقبل** میں ان کے اسکول کے انتخابات یا سندیافتگی کو متاثر کریں گی؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ ہائی اسکول سے سندیافتگی اور کالج اور طرزِ معاش کے اہداف کے تناظر میں آپ کے اور آپ کے بچے کے طویل مدتی تعلیمی اہداف

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: آپ کا بچہ جن مخصوص تشخیصات کو لے گا ان کو اور کسی بھی استثنا کو تحریر کریں۔

## تجاویز

- ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے طلبا کے لیے نیو یارک ریاست ریجنٹس امتحانات لینا لازمی ہے۔ جو طلبا نیو یارک ریاست متبادل تشخیص میں شرکت کرتے ہیں یہ کمینسمنٹ کریڈیشنلز موصول کرنے کے اہل ہیں۔ یہ کریڈیشنلز ہائی اسکول ڈپلومہ جیسے نہیں ہیں اور یہ ان ملازمتوں کی اہلیت کے لیے ضمانت نہیں ہیں جن کے لیے ہائی اسکول ڈپلومہ مطلوب ہو۔ IEP ٹیم سے ان تشخیصات کے بارے میں پوچھیں جن کو آپ کا بچہ لیتا ہے اور ان کے ڈپلومہ کے انتخابات پر ان کی اثر پذیری کے بارے میں بھی۔ اگر آپ کا بچہ NYSAA میں شرکت کر رہا ہے تو آپ اس کی وضاحت کا ایک خط موصول کریں گے۔ کمینسمنٹ کریڈیشنل کے متعلق مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں۔ https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/preschool-to-age-21/after-high-school

# بغیر معذوری والے طلبا کے ساتھ شرکت

**IEP کے لیے اس حد کو بیان کرنا لازمی ہے جس حد تک آپ کا بچہ اپنے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ عام تعلیم کی کلاس اور اسکول کی دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرے گا۔ اگر ایک بچے کو پورے اسکول کے ساتھ لنچ، اسکول کے تفریحی دوروں یا اسمبلیوں میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں ہے تو اس بات کو IEP میں بیان کرنا لازمی ہے۔**

## کیا پوچھیں

- ☐ میرا بچہ غیر معذور ہمسروں کے ساتھ کب اور کہاں شرکت کرے گا؟
- ☐ کیا میرا بچہ ایک متبادل جسمانی تعلیم (PE) میں شرکت کرے گا؟ یہ کیسی ہو گی؟
- ☐ کیا میرے بچے کو ڈپلومہ مطلوبات میں انگریزی کے علاوہ دوسری زبان سے استثنا ہوگا؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ وہ حد جس تک آپ اپنے بچے کو اسکے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ عام تعلیم کلاس میں شرکت کروانا چاہتے ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: ان مخصوص کلاسوں اور / یا دن کے اوقات کو تحریر کریں جن میں آپ کا بچہ غیر معذور طلبا کے ساتھ شرکت کرے گا۔ کسی بھی ایسی معاونتوں یا سہولیات کو درج فہرست کریں جو فراہم کی جائیں گی۔

## تجاویز

- جس حد تک مناسب ہو، معذوری کے حامل بچوں کو غیر معذور بچوں کے ساتھ تعلیم دینی چاہیئے۔ یہ قانون ہے، لیکن تحقیق سے بھی یہ ظاہر ہوا ہے کہ عام تعلم کلاس روم میں زیادہ وقت گزارنا معیاراتی امتحانات میں اونچے اسکورز، اسکول سے کم غیر حاضری، اور خلل انداز طرز عمل کے حوالوں میں کمی کا نتیجہ بنتا ہے۔ یہ نتائج طلبا کی معذوری، معذوری کی شدت، جنس یا سماجی- معاشی حثیت سے قطع نظر تھے۔ اس بات کا تعین کرنے کے لیے IEP ٹیم کے ساتھ کام کریں کہ آپ کا بچہ اپنے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ کہاں اور کتنی بار شرکت کر سکتا ہے۔
- ہائی اسکول میں، جن طلبا کے لیے ایک خاص کلاس کی تجویز کی جاتی ہے یہ اکثر کلاس رومز کے درمیان نقل و حمل کرتے ہیں اور ان کے مختلف اساتذہ ہوتے ہیں۔ بہت حد تک ممکن ہے کہ انکی مختلف ہمسر گروپس کے ساتھ کلاسیں ہوں۔ آپ اپنے بچے کے اسکول سے پروگرامنگ کے بارے میں پوچھیں اور یہ کہ اپنے بچے کو کسی بھی تبدیلی کے لیے کس طرح بہتر تیار کریں۔

# خاص ذرائع نقل و حمل

**خاص ذرائع نقل حمل کا مطلب ہے آپ کا بچہ اسکول بس کے ذریعے سفر کرے گا، اس کو آپ کے گھر سے محفوظ ترین، نزدیک ترین جگہ سے اٹھایا جائے گا۔ اسکول بس کے عملے میں ایک اسکول بس ڈرائیور اور طلبا کی نگرانی کرنے کے لیے ایک نگراں، دونوں، شامل ہیں۔ کچھ طلبا کو اضافی سہولیات کی ضرورت ہو سکتی ہے، جیسے کہ سفر کا محدود وقت، نقل و حمل کے انفرادی پیشہ ور معاونین، نرسیں، اور دیگر طبی سہولیات۔ طبی سہولیات کے لیے ایک ڈاکٹر کی جانب سے ایسے تازہ ترین طبی دستاویز مطلوب ہوتے ہیں جن میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہو کہ آپ کے بچے کو کیا طبی مسئلہ ہے اور ان کو اس سہولت کی ضرورت کیوں ہے۔ اگر آپ کے بچے کو متخصص نقل و حمل درکار ہے تو IEP ٹیم اس پر تبادلہ خیال کرے گی۔**

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرے بچے کو خاص کلاسوں یا کسی اور مقام پر پروگراموں میں آنے جانے کے لیے ذرائع نقل و حمل کی ضرورت ہو گی؟
- ☐ ذرائع نقل وحمل کی اضافی سہولیات کی درخواست کرنے کے لیے کونسے فارم درکار ہیں اور ان کو کس کے پاس جمع کروانا ہو گا؟ ( آپ کے لیے اس کو IEP اجلاس سے قبل پوچھنا چاہیئے تاکہ آپ کسی بھی ضروری دستایزات کو جائزے کے لیے اجلاس سے قبل جمع کروا سکیں۔)
- ☐ کیا میرا بچہ سفر کرنے کی تربیت کے لیے ایک امیدوار ہے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آیا آپ کا بچہ عوامی ذرائع نقل و حمل استعمال کرتا ہے
- ☐ کیا آپ کے بچے کو ایسے مخصوص ساز و سامان کی ضرورت ہے جس کے لیے مخصوص ذرائع نقل و حمل درکار ہے؟
- ☐ سفر کے دوران آپ کے بچے کو کسی مخصوص نگہداشت یا مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے
- ☐ کوئی بھی ایسی وجوہات جن کی وجہ سے آپ کا بچہ مدد کے بغیر اسکول سے آنے جانے کے لیے سفر کرنے کے قابل نہ ہو
- ☐ آپ کے بچے کو ایک دائمی طبی / ہڈیوں کی کمزوری کی معذوری، شدید ذہنی کمزوری یا ایک شدید جذباتی معذوری اور ایک قلم بند کردہ جارحانہ / بدتمیزی کرنے والے طرز عمل کی وجہ سے بس کے ذریعے اسکول سے آنے جانے کے دوران کسی دیکھ بھال یا مدد کی ضرورت ہے۔
- ☐ آپ کے بچے کی طبی اور جسمانی ضروریات کو تفصیل سے بیان کرنے والے حالیہ طبی دستاویز اور فارم

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: کسی بھی ایسی متخصص نقل وحمل یا معاونتوں کو جن کے لیے آپ اہل ہیں اور کسی بھی ایسے اقدامات کو درج فہرست کریں جن کو آپ اور / یا آپ کی ٹیم کو ان معانتوں کے حصول کے لیے کرنے کی ضرورت ہے۔

## تجاویز

- متخصص نقل و حمل کی ضروریات کو زیرِ غور لاتے وقت یاد رکھیں کہ طالب علم کی معذوری سے غیر متعلقہ عناصر، جیسے بچے کے ہمراہ اسکول یا بس اسٹاپ لانے کے لیے والدین کی نادستیابی متخصص نقل و حمل کی تجویز کرنے کے لیے مناسب وجوہات نہیں ہیں۔ IEP ٹیم سے متخصص نقل و حمل کی اہلیت کے مطلوبات کی وضاحت کرنے کے لیے کہیں۔

# تقرری کی تجویز

تقرری کی تجویز کا مطلب ہے ایسا تعلیمی ماحول ہے جس میں آپ کے بچے کے IEP کا اطلاق کیا جائے گا۔ تقرری میں اس ماحول کی نوعیت درج فہرست ہوگی جس میں آپ کا بچہ خاص تعلیم پروگرام اور خدمات ( جیسے کہ کمیونٹی اسکول، ضلع 75 اسکول، یا غیر پبلک اسکول) موصول کرے گا۔ IEP تقرری کی تجاویز کی بنیادوں کو تشکیل دیتا ہے۔ آپ کے بچے کے IEP کے تمام دیگر پہلوؤں، بشمول ان کی خوبیوں، ضروریات، اہداف اور ان اہداف کے حصول کے لیے درکار خدمات کو زیرِ غور لانے اور اس کو تیار کرنے بعد ہی، IEP ٹیم تجویز کردہ ایسی تقرری کا تعین کرے گی جو آپ کے بچے کے لیے مناسب ہو۔

## کیا پوچھیں

- ☐ کیا میرے بچے کی تقرری کی تجویز اس بات پر اثرانداز ہو گی کہ میرا بچہ **اس وقت** یا **مستقبل** میں کہاں اسکول میں شرکت کرے گا؟
- ☐ کیا یہ تقرری میرے بچے کے کم سے کم پابندی کے ماحول (LRE) کی نمائندگی کرتی ہے؟
- ☐ کیا میرے بچے کی تقرری اس کے ہائی اسکول کے ڈپلومہ کے انتخابات کو متاثر کرے گی؟
- ☐ **(نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم متخصص اسکول، ایک منظور شدہ غیر پبلک اسکول، یا گھر پر تعلیم میں ایک تقرری کی تجویز کے لیے)** کیا میرا بچہ اس کے غیر معذور ہمسروں والے مواد کی تعلیم حاصل کرے گا اور اس کو وہی امتحانات دیئے جائیں گے؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

## کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ آپ کا بچہ کہاں پر اسکول میں شرکت کرے گا اس بارے میں آپ کی ترجیحات
- ☐ تقرری کی تجویز کے آپ کے بچے کے اسکول کے انتخابات یا نتائج پر اثرانداز ہونے کے متعلق آپ کی کوئی تشویشات ہیں

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

## نوٹس

تجاویز: تقرری کی تجویز کے ساتھ اس بارے میں معلومات کو بھی نوٹ کریں کہ اس کو آپ کے بچے کے لیے کم سے کم پابندی والا ماحول (LRE) کیوں سمجھا جاتا ہے۔ تقرری کے متعلق کسی بھی ایسی خاص معلومات کو نوٹ کریں جن کو آپ اجلاس کے بعد یاد رکھنا چاہتے ہیں۔

## تجاویز

- **غیر پبلک، دن اور گھر کے اسکول، نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم متخصص اسکول** یا **متخصص پروگرام** جیسی تقرری کی کچھ تجاویز آپ کے بچے کے ہائی اسکول ڈپلومہ کی قسم کو متاثر کر سکتی ہیں جن کو حاصل کرنے کے لیے آپ کا بچہ اہل ہے۔ ان **ہائی اسکول ڈپلومہ کی اقسام** کی وضاحت کریں جو آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ حاصل کرے۔ IEP ٹیم سے تقرری کی تجویز کے کسی بھی ایسے اثرات کی وضاحت کرنے کے لیے کہیں جو آپ کے بچے کے ڈپلومہ انتخابات کو متاثر کر سکتے ہیں۔

# خلاصہ

## زیرِ غور لائے گئے دیگر انتخابات اور والدین کی تشویشات

**IEP کے "خلاصے" کا صفحہ ان تمام تعلیمی ماحول کو درج فہرست کرے گا جن کو زیرغور لایا گیا تھا اور ان کو "زیرِ غور لانے کے لیے دیگر انتخابات" کے حصے میں کیوں مسترد کیا گیا تھا۔ مثال کے طور پر، جب تقرری پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے تو، IEP ٹیم کمیونٹی اسکول میں ایک عام تعلیم کلاس روم کو سب سے پہلے زیر غور لاتی ہے۔ اگر اس کو مسترد کیا جاتا ہے تو IEP کو اس کو مسترد کرنے کی وجہ بیان کرنا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کے بچے کی تعلیم یا خاص تعلیم خدمات کے متعلق آپ کی کوئی بھی عام تشویشات IEP کے "خلاصہ" صفحے پر درج ہوں گی۔**

### کیا پوچھیں

- ☐ IEP ٹیم **تجویز کردہ خاص تعلیم پروگرام / خدمات** حصے پر ہماری بات چیت کے علاوہ اور کونسے انتخابات کو زیرغور لائی تھی؟
- ☐ ان انتخابات کو کیوں مسترد کیا گیا تھا؟

دیگر سوالات جو میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

### کن باتوں کا اشتراک کریں

- ☐ کوئی بھی ایسے دیگر خاص تعلیم انتخابات جن کے لیے آپ کا ماننا ہے کہ یہ آپ کے بچے کے لیے فائدہ مند ہوں گے۔
- ☐ آپ کے بچے کی تعلیم یا خاص تعلیم خدمات کے متعلق آپ کی کوئی عام تشویشات۔ اس حصے میں IEP ٹیم آپ کی تشویشات کو قلم بند کرے گی۔

دیگر معلومات جن کا میں اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

### نوٹس

تجاویز: زیرِ غور لائے گئے کسی بھی دیگر پروگرام اور / یا خدمات کو اور ان کو کیوں مسترد کیا گیا تھا اور اپنے بچے کی تعلیم کے متعلق اپنی کسی بھی تشویشات کو درج فہرست کریں۔

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

_________________________________________________________________________________________________________________________

### تجاویز

- اسکول سے طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرنے کی توقع کی جاتی ہے جیسا کہ ان کے IEP میں خاکہ کش ہو۔ ایک خدمت کو اس وجہ سے مسترد نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس کو ماضی میں اسکول میں فراہم نہیں کیا گیا تھا۔ اگر آپ اس بات سے متفق ہیں کہ IEP ٹیم نے جو پروگرام تجویز کیا ہے وہ آپ کے بچے کے لیے مناسب ہے تو اسکول کو یہ پروگرام فراہم کرنا چاہیئے۔ ایک خاص پروگرام یا خدمت کو فراہم کرنے کے لیے اسکول کی صلاحیت کے بارے میں اگر آپ کی کوئی تشویشات ہیں تو آپ کو اپنی تشویشات کے بارے میں پرنسپل سے بات کرنی چاہیئے۔ پرنسپل کے ساتھ بات کر لینے کے بعد اگر آپ کی مزید تشویشات ہیں تو آپ اپنے ضلع کے مہتمم کے دفتر میں ایک خاندانی معاونت رابطہ کار سے بات کر سکتے ہیں۔

# نوٹس

تجاویز: اس جگہ کو اپنے لیے کوئی بھی حتمی نوٹس یا یاددہانیوں کو لکھنے کے لیے استعمال کریں۔ آپ نوٹ کرنا چاہیں گے کہ آپ حتمی IEP کو کس وقت موصول کرنے کی توقع کر سکتے ہیں اور یہ آپ کو کس طرح بھیجا جائے گا۔

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# پو چھیں اور اشتراک کریں (آسک اینڈ شیئر)

اہلِ خانہ اور اسکولوں کے لیے
طالب علم پر مرتکز IEP تخلیق کرنے کے لیے ایک آلہ کار
ہائی اسکول

NYC
Department of
Education



**مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں 718-935-2007**
**یا ذیل ملاحظہ کریں www.schools.nyc.gov/specialeducation**

T&I 31348 (Urdu) HS Guide